**27.04.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ...............آسیہ میمونہ

**Music**

1 تیسرے مرحلے کے لوک سبھا چناؤ کے لئے انتخابی مہم پورے زور شور سے جاری ہے۔ بڑی سیاسی جماعتوں کے چوٹی کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے زوردار کوششیں کررہے ہیں۔

2 لوک سبھا چناؤ کے دوسرے مرحلے کے اختتام کے بعد 11 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام تین علاقوں میں ووٹنگ مکمل ہوگئی ہے۔

3 اتراکھنڈ کے جنگلوں میں بھیانک آگ لگنے کی اطلاع ملی ہے۔ آگ بجھانے کے لئے بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹر لگائے گئے ہیں۔

4 شنگھائی میں تیر اندازی کے عالمی کپ کے پہلے مرحلے میں بھارت کی کمپاؤنڈ ٹیم مقابلے میں سونے کے تین تمغے جیتے ہیں۔

5 IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج تیسرے پہر دلی میں ممبئی انڈینس اور ڈیلی کیپٹلس اور شام کو لکھنؤ میں راجستھان رائلز اور لکھنؤ سُپر جائنٹس کا مقابلہ ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Further Rev. Campaigning**

تیسرے مرحلے کے عام چناؤ کے لئے انتخابی مہم زور پکڑ گئی ہے۔ بڑی سیاسی جماعتوں کے چوٹی کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے ملک بھر میں جلسے جلوس اور روڈ شو کررہے ہیں۔ اس مرحلے میں اگلے مہینے کی سات تاریخ کو 12 ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں کے 95 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تیسرے مرحلے کے لئے ایک ہزار 351 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی مہاراشٹر میں کولھا پور شہر کے Tapvon میدان میں آج شام ایک انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے۔

کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی لاتور ضلع میں چناؤ مہم چلائیں گی۔ مہاراشٹر میں تیسرے مرحلے میں گیارہ سیٹوں کے لئے چناؤ ہوگا۔

وزیراعظم مودی آج شام گوا میں Vasco میں بھی ایک عام جلسے کو خطاب کریں گے۔ گوا کے دونوں پارلیمانی حلقوں میں اگلے ماہ کی سات تاریخ کو ایک ہی مرحلے میں پولنگ ہوگی۔

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما امت شاہ نے آج گجرات کے شہر پوربندر میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر NDA سرکار تیسری بار اقتدار میں آئی تو دہشت گردی اور نکسل ازم کو ملک سے ختم کردیا جائے گا۔

کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے گجرات کے Valsad ضلع کے دھرماپور کے مقام پر ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر ان کی پارٹی اقتدار میں آئی تو MGNREGA جیسی روزگار کی ضمانت اسکیم لائیگی جس کے تحت 100 دن روزگار دیا جاتا ہے۔ محترمہ واڈرا نے افراطِ زر اور بے روزگاری جیسے اہم معاملات پر حکمراں پارٹی کی نکتہ چینی کی۔

لوک سبھا چناؤ کے تیسرے مرحلے میں ریاست سے لوک سبھا کی 25 نشستوں کے لئے ایک ہی مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Rev.EC - SECOND PHASE POLL

کل لوک سبھا چناؤ کا دوسرا مرحلہ ختم ہونے کے بعد 2024 کے عام چناؤ کے لئے 14 ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے علاقوں کے لئے ووٹنگ مکمل ہوگئی۔ دوسرے مرحلے کے دوران لگ بھگ 60 اعشاریہ نو چھ فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

اِس مرحلے کے تحت 88 لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے گئے۔ پولنگ بڑی حد تک پُرامن رہی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شدید گرمی کے باوجود 13 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں پُرجوش طریقے سے ووٹ ڈالے۔

13 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ووٹروں نے پورے جوش و خروش کے ساتھ اپنے پولنگ مراکز پر حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

کیرالہ کی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش

کی 6، آسام اور بہار میں پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین-تین، منی پور، تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک-ایک سیٹ کیلئے ووٹ ڈالے گئے۔

مدھیہ پردیش کے Betul پارلیمانی حلقے کی پولنگ، جو دوسرے مرحلے کے تحت ہونا تھی، اب تیسرے مرحلے میں کرائی جائے گی۔ یہ تبدیلی BSP امیدوار کے انتقال کے سبب ہوئی ہے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ امن و قانون کو برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے اور ووٹروں کیلئے ایسا ماحول بنایا گیا، جس میں وہ بلاخوف اور آزادانہ طور پر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ پولنگ مرکزوں پر ویب کاسٹنگ کی گئی۔

کمیشن نے بتایا ہے کہ چھتیس گڑھ میں بستر اور Kanker پارلیمانی حلقے کے 46 گاؤں کے ووٹروں نے خود اُن کے گاؤں میں ہی بنائے گئے پولنگ مرکزوں میں ووٹ ڈالے۔ لوک سبھا انتخابات میں پہلی بار وہاں پولنگ مرکز بنائے گئے تھے۔ گاؤں والوں کی آسانی کے لئے پہلے مرحلے سمیت اِن پارلیمانی حلقوں میں مجموعی طور پر پہلی بار 102 نئے پولنگ مرکز بنائے گئے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ کچھ ممتاز امیدواروں کی سیاسی قسمت، کل EVM مشینوں میں بند ہوگئی۔ اِن امیدواروں میں کیرالہ میں وائناڈ سے کانگریس رہنما راہل گاندھی، CPI کے اینی راجہ، جنھوں نے وائناڈ سے ہی چناؤ لڑا ہے، ترواننت پورم سے مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر، ترواننت پورم سے ہی کانگریس رہنما ششی تھرور، بنگلورو جنوب سے BJP کے تیجسوی سوریہ اور متھرا سے BJP کی ہیما مالنی شامل ہیں۔

دیگر اہم امیدواروں میں میرٹھ سے BJP کے ارون گووِل، مانڈیا سے کرناٹک کے سابق وزیر اعلیٰ ایچ ڈی کمار سوامی اور پورنیہ سے پپو یادو شامل ہیں۔x

## Congress CEC

کانگریس کی مرکزی انتخابی کمیٹی CEC نے لوک سبھا کی باقی سیٹوں کیلئے امیدواروں کے انتخاب کے سلسلے میں تبادلۂ خیال کرنے کیلئے دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں آج شام ایک میٹنگ رکھی ہے۔ اس میٹنگ کی قیادت پارٹی کے صدر ملکارجن کھڑگے کریں گے۔ اِس میٹنگ میں کانگریس پارلیمانی پارٹی کی چیئرپرسن سونیا گاندھی، پارٹی جنرل سکریٹری K.C. وینو گوپال اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنماؤں کے شرکت کرنے کی امید ہے۔ x

## EC Bellot Banglaluru

انتخابی کمیشن نے بنگلورو کے شانتی نگر پولنگ مرکز میں بیلٹ یونٹ کے مبینہ طور پر کام نہ کرنے کی خبروں کو رد کردیا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ واٹس ایپ اور سوشل میڈیا پر آنے والی اس طرح کی خبریں بے بنیاد اور غلط ہیں۔

بنگلورو کے ضلع چناؤ افسر نے بتایا ہے کہ اس طرح کی شکایت ملنے کے فوراً بعد انھوں نے سیکٹر مجسٹریٹ کو موقع پر جاکر رپورٹ کرنے کی ہدایت دی۔ چھان بین سے پتہ چلا کہ رجسٹر اور کنٹرول یونٹ کے اندراج میں کوئی فرق نہیں ہے اور یہ ایک دوسرے سے بالکل ملتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوجاتا ہے کہ شانتی نگر پولنگ مرکز میں بیلٹ بٹن کے کام نہ کرنے کی اطلاع بالکل غلط ہے۔x

## Uttarakkhand Fire

اتراکھنڈ ریاست کے پہاڑی ضلعوں گڑھوال اور کُماؤں ڈویژن کے جنگلوں میں آگ لگنے کے 575 واقعات کے نتیجے میں 700 ایکڑ خطہ اراضی متاثر ہوئی ہے۔ کُماؤں منڈل میں سب سے زیادہ 313 جنگلاتی آگ کے واقعات پیش آئے۔ آگ اور آفات سے نمٹنے کے ریاستی محکمے کے مطابق جنگلوں میں لگنے والی آگ سے جنگلاتی زندگی کو 14 لاکھ 41 ہزار 771 روپے کا معاشی نقصان ہوا ہے۔

اس دوران نینی تال کے جنگلوں میں لگی آگ سے نمٹنے کیلئے بھارتی فضا حرکت میں آگئی ہے۔ بھارتی فضائیہ کے MI-17 ہیلی کاپٹر سرگرمی کے ساتھ آگ بجھانے کے کام میں مصروف ہیں۔ یہ ہیلی کاپٹرس، بھیم تال تالاب سے پانی لے کر آگ کے شعلوں پر چھڑک رہے رہیں۔

اتراکھنڈ کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے یقین دلایا ہے کہ نینی تال ضلعے میں لگی آگ پر قابو پانے کی ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ x

## J&K - Sopore Encounter

مرکز کے زیرِ انتظام علاقے جموں وکشمیر میں کل بارہمولہ ضلع میں سوپور کے Nowpora علاقے میں حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں 2 دہشت گرد مارے گئے۔ مارے گئے دہشت گردوں کی شناخت کی جارہی ہے۔ اِن کے پاس سے، قابل اعتراض مواد سمیت ہتھیار اور گولہ بارود ملا ہے۔

یہ جھڑپ جمعرات کو Nowpora میں پولیس، فوج اور CRPF کی ایک مشترکہ ٹیم کی طرف سے محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران ہوئی۔x

## IMD - Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے اگلے چند دن کیلئے اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے گنگائی علاقے میں گرمی کی شدید صورتِ حال کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

IMD نے بہار کے دور دراز علاقوں، جھارکھنڈ، تلنگانہ، رائل سیما، اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، اترپردیش، کیرالہ، Mahe، کونکن، مغربی اترپردیش، ساحلی آندھرا پردیش اور Yanam میں بھی اِس مہینے کی 30 تاریخ تک گرمی کی شدید صورتحال جاری رہ سکتی ہے۔

اس دوران مغربی بنگال کے گنگائی علاقے اور اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی حصوں میں شدید گرمی کی صورتحال جاری رہ سکتی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے وسطی بھارت سے متصل خطوں میں کل تک، شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں اتوار کے روز تک اور مغربی ہمالیائی خطے میں اس مہینے کی 29 تاریخ تک آندھی، گرج چمک اور دھول بھری ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران IMD نے دلی میں بھی آج عام طور سے آسمان پر بادل چھائے رہنے اور ہلکی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ نیز قومی راجدھانی میں اگلے دو دن تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت تقریباً 39 ڈگری سیلسیس تک رہنے کا امکان ہے۔x

## US CHINA TIES

امریکہ اور چین نے بیجنگ میں سلسلے وار میٹنگیں کی ہیں اور ایک دوسرے کے لیے حدود کا تعین کر دیا ہے۔ دونوں ملکوں نے دوطرفہ تعلقات کی بحالی پر آگے بڑھتے ہوئے بعض امور پر مل کر کام کرنے کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ امریکی وزیر خارجہ انٹنی بلنکن نے چین کے صدر شی جن پنگ، وزیر خارجہ Wang Yi اور چین کے دیگر سینئر حکام سے ملاقات کی۔ وہ چین کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ امریکی وزارت خارجہ کے ترجمان میتھیو ملّر نے کہا کہ جناب انٹنی بلنکن نے اپنے میزبانوں کو بتایا کہ چین میں غلط طریقے سے حراست میں رکھے گئے امریکی شہریوں اور چین سے باہر جانے پر عائد پابندی سے متاثرہ افراد کے معاملات کو حل کرنا، ان کی اولین ترجیح تھی۔ امریکی وزیر خارجہ نے جنوبی بحیرۂ چین میں قانون کی بالادستی اور جہازرانی کی آزادی کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔

جناب ملّر نے کہا کہ وزیر خارجہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ امریکہ اپنے مفادات اور اقدار نیز اپنے اتحادیوں اور شراکت داروں کے دفاع کے لیے ضروری کارروائی کرتا رہے گا۔ جناب بلنکن نے ہانگ کانگ کی خودمختاری کے خاتمے اور Xinjiang اور تبّت میں چین کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں بھی تشویش کا اظہار کیا۔ امریکہ نے روس کی دفاعی صنعت کی حمایت پر بھی چین کے ساتھ شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔

اس دوران ایک ٹی وی انٹرویو میں امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکہ نے اپنے ملک میں ہونے والے

انتخابات میں چین کی مداخلت کی کوششوں کے ثبوتوں کا مشاہدہ کیا ہے۔ x

## Archery World Cup

تیر اندازی میں شنگھائی میں جاری عالمی کپ میں بھارت کی جیوتی سُریکھا وینّم، آدتی گوپی چند سوامی اور پرینت کور نے خواتین کے فائنل میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے اٹلی کو 225 کے مقابلے 236 سے شکست دی۔

جیوتی سریکھا وینّم اور ابھیشک ورما کی بھارتی جوڑی نے کمپاؤنڈ مسکڈ ٹیم مقابلے میں Estonia کو 157 کے مقابلے 158 سے شکست دے کر بھارت کیلئے تیسرا سونے کا تمغہ جیتا۔

وہیں مردوں کی ٹیم میں ابھیشک ورما، پریانش اور پرتھمیش نے نیدر لینڈ کی ٹیم کو فائنل میں 238 کے مقابلے 231 سے ہراکر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

بعد میں دن میں مردوں کے زمرے میں پریانش اور خواتین کے زمرے میں وینّم اپنے سیمی فائنل میچ کھیلیں گے۔x

## IPL Cricket Result

آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ تیسرے پہر ساڑھے تین بجے دلی میں ڈیلی کیپٹلس اور ممبئی انڈینس کے درمیان کھیلا جائے گا۔ دوسرے میچ میں آج شام لکھنؤ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس، راجستھان رائلز کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ اس وقت ڈیلی کیپٹلس کو چھٹا اور لکھنؤ سُپر جائنٹس کو چوتھا مقام حاصل ہے۔

کل رات کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں کھیلے گئے ایک میچ میں پنجاب کنگس نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆